Rampur State Gazette

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۹ ربیع الثانی ۱۳۵۳ھ مطابق ۱۱ اگست ۱۹۳۴ء جلد

حصہ اول

روبکار اجلاس ہمایون علیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

(۱) انتظام سلسلہ واقعہ نواب ولیعہد صاحب بہادر بہ "رائل ملٹری کالج ڈیرہ دون" ۳

خلاصہ احکام کونسل ریاست رامپور

(۱) تقرر چارکس جیسینڈ فائنانس آفس ۴

(۲) منظوری رقم ہاؤس الاؤنس افسر صاحب جنگلات ۵

(۳) الاؤنس ڈاکٹر مہابیر پرشاد صاحب ۶

(۴) اجازت خرید سامان فرنیچر و اسٹیشنری از بازار بحالت ۶

(۵) تفاوت نرخ جیل فورس و اسٹیٹ پریس

(۶) نقشہ احکام اجلاس جناب پریذیڈنٹ بہادر کونسل ۷

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور یوپی)

روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- مورخہ ۴ اگست ۱۹۳۳ء

چونکہ بموجب حکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم نواب ولیعہد بہادر کا داخلہ رائل ملٹری کالج ڈیہرہ دون میں ہو گیا ہے۔ لہذا حسب ایمائے ہمایوں حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں:-

(۱) میجر عطاء الرحمن صاحب کو تا صدور حکم ثانی پرسنل اسسٹنٹ صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل مقرر کیا جاتا ہے۔ چارسو روپے تنخواہ اور پچیس روپیہ کرایہ مکان جو پارہے ہیں۔ بدستور پائیں گے۔ اور جملہ رعایتیں بھی بدستور رہیں گی۔ مبلغ تین ہزار چارسو روپے بابت تنخواہ از یکم ستمبر ۱۹۳۳ء تا آخر مارچ ۱۹۳۴ء مدشاہرات بجٹ نواب ولیعہد بہادر سے مد شاہرات بجٹ اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر منتقل کئے جائیں۔

(۲) ایک چھوٹی اسٹیٹ موٹر کار برائے سواری موٹر گیراج سے انکو دیدی جائے۔ موٹر کے واسطے ایک ڈرائیور مشاہرہ دار تیس روپیہ کے تقرر کی اجازت دیجاتی ہے مبلغ ایکسو ساٹھ روپیہ برائے ہشت ماہ مد شاہرات بجٹ نواب ولیعہد بہادر سے مد شاہرات بجٹ اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر منتقل کئے جائیں۔ اور مثل دیگر سکریٹری صاحبان بہادر کے صاحب موصوف پٹرول کی رقم تعدادی تین سو تیس روپے جو چالیس روپیہ ماہانہ برائے ہشت ماہ مد شاہرات بجٹ نواب ولیعہد بہادر سے مد خریدی پٹرول بجٹ اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر منتقل کیجائے

(۳) مولوی مہدی حسن صاحب یزدی اور مولوی سید ذوالفقار حسین صاحب اپنی اپنی تنخواہیں بدستور بجٹ نواب ولیعہد بہادر پائیں گے۔ مولوی سید ذوالفقار حسین صاحب کے فرائض کے بارہ میں جداگانہ روبکار جاری ہوگا۔

(۴) مہابیر پرشاد کلرک کے تبادلہ کا حکم علیحدہ جاری ہو چکا ہے۔

(۵) قاضی عاشق حسین۔ حاجی عاشق حسین۔ احمد خاں مسعود علی ملازمان باورچی خانہ و پنٹری متعلق نواب ولیعہد بہادر اور پیارے فراش کو بلا پنشن کے تخفیف کیا جاتا ہے۔ بابت غلام محمد اسکا نام رکھا جائے۔

(۶) انعام اللہ خاں۔ مسعود خاں۔ اور حشمت علی جمعدار سامان نواب ولیعہد بہادر کی بدستور نگرانی رکھیں گے۔ اور تنخواہ بدستور بجٹ نواب ولیعہد بہادر سے پائیں گے۔

(۷) دو ہرکارہ۔ ہاؤس ہولڈ ڈپارٹمنٹ سے بزمانہ قیام دہلی دفتر جیلی پر تعینات رہتے ہیں۔ وہ بدستور تعینات کردیے جائیں۔ تاکہ سامان کی حفاظت بخوبی ہو سکے

(۸) چھٹن دھوبی کو بزمانہ قیام رامپور پندرہ روپیہ

ماہوار تنخواہ ملتی تھی۔ آئندہ جب نواب ولیعہد بہادر
کا قیام رامپور ہوا کرے گا۔ نامبردہ کو پندرہ روپیہ
ماہوار تنخواہ بدستور دیجائیگی۔

(۲) جملہ امور متعلق تعلیم و تربیت نواب ولیعہد بہادر کا
تعلق آئندہ براہ راست صاحب پریسیڈنٹ اجلاس
کونسل سے رہے گا۔

حکم ہوا کہ

...نہ صدر احکام ضابطہ جاری ہوں
...یک نقل درج گزٹ ہو۔

بائی آرڈر
(دستخط صاحب پریسیڈنٹ اجلاس کونسل)

آرڈرز آن کونسل ریاست رامپور

آرڈران کونسل۔ (مورخہ ۳ اگست ۱۹۳۳ء (?))

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۳ اگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات منظوری تقرر محمد قاسم بی کام باشندہ ضلع میرٹھ اکاؤنٹنٹ شاہرہ [illegible] ماہانہ زیر [illegible] تنخواہ پیش ہو کر طے پایا کہ:

اجلاس ہذا سے فائنانس ڈپارٹمنٹ کے لئے تین آسامیاں ایک منشی آڈیٹر شاہرہ [illegible] و دو اکاؤنٹنٹ فی اسم [illegible] ماہوار منظور ہو گئی ہے۔ منجملہ ان کے رضا احمد خاں بی۔ اے۔ شاہرہ [illegible] بحیثیت [illegible] کا تقرر شاہرہ [illegible] منظور ہو چکا ہے۔

نمبر دوم۔ بی کام کا تعلق تیسری خالی آسامی پر شاہرہ [illegible] ماہوار با اتفاق رائے ممبر [illegible] اس وقت تک کے لئے منظور کیا جاتا ہے جب تک کوئی ریاست کا باشندہ ٹریننگ حاصل کر کے کام کے قابل ہو جائے۔

ہر دو اکاؤنٹنٹ کی بحیثیت تنخواہ [illegible] تین اپرنٹس منصب تحت کے تقرر کی منظوری دیجاتی ہے۔

ہر سہ اپرنٹسیان کو کام سکھایا جائے تاکہ آئندہ اکاؤنٹنٹ فائنانس آفس کے لئے کارآمد ثابت ہوں۔

نام اپرنٹس	قابلیت	تنخواہ
رضیان احمد خاں	بی اے	[illegible]
محمد ذکی خاں	ایم اے	[illegible]
راحت علی	×	[illegible]

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

آرڈران کونسل۔ (واقع ۱۰ اگست ۱۹۳۳ء (?))

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۳ اگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات استدعائے اجازت داخل خارج معافیات متعلق مسجد و تکیہ وغیرہ پیش ہو کر طے پایا کہ:

اس قسم کی معافیات کے داخل خارج کی کارروائی حسب ضابطہ جاری رکھی جاسکے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

آرڈران کونسل۔

واقع ۵ اگست ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۲۴ اگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات بابت تقرر عـہ ماہانہ ہارس الاؤنس منظور شدہ بہ حامد حسین صاحب افسر جنگلات پیش ہوئے

گورنمنٹ سے منتقل خدمات کیوقت منجملہ دیگر شرائط عـہ ماہانہ ہارس الاؤنس افسر صاحب جنگلات کو دیا جانا طے ہوا ہے۔ افسر صاحب جنگلات کے پاس گھوڑا نہ ہونے کی وجہ سے ۲۵ اپریل ۱۹۳۳ء کو یہ الاؤنس صاحب ریونیو منسٹر بہادر کے اجلاس سے مسدود کر دیا گیا

اب افسر صاحب جنگلات نے ظاہر کیا ہے کہ ایک نجی موٹر رکھکر کار متعلقہ انجام دیا جاتا ہے۔ الاؤنس مذکورہ بالا برقرار رہنے کا حکم صادر فرمایا جائے

لہذا طے پایا کہ الاؤنس محولہ بالا کی ادائگی کی منظوری دیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ ریاست کونسل
دستخط صاحب سکریٹری ریاست کونسل

آرڈران کونسل

واقع ۵ اگست ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۴ اگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات بابت عطائے عـہ ماہانہ الاؤنس بہ ڈاکٹر مہابیر پرشاد صاحب اسسٹنٹ فرسٹ ایڈ لکچرار کانسٹبلان پولیس پیش ہو کر طے پایا کہ:-

بغرض اصلاح پولیس حسب تجویز صاحب ڈی۔ آئی۔ جی بہادر منظور کیا جاتا ہے کہ کانسٹبلان پولیس کو ڈاکٹر مہابیر پرشاد صاحب ہفتہ میں دو مرتبہ فرسٹ ایڈ لکچر دیا کریں اور مختلف جماعتیں امتحان سینٹ جونس ایمبولنس ایسوسی ایشن کیلئے تیار کریں۔

چونکہ یہ کام ڈاکٹر مہابیر پرشاد صاحب کی معمولی خدمات کے علاوہ ہوگا۔

لہذا بسلسلہ فرسٹ ایڈ لکچرار ان کو پولیس بجٹ سے دس روپیہ ماہوار الاؤنس دیا جائے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ ریاست کونسل
دستخط صاحب سکریٹری ریاست کونسل

آرڈران کونسل
مورخہ ۲ اگست ۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۴ اگست ۳۳ء میں تحریر صاحب ڈی۔ آئی۔ جی بہادر پولیس بابت اجازت خرید سامان از قسم فرنیچر و اسٹیشنری از بازار بوجہ ارزانی نرخ کارخانہ جیل و اسٹیٹ پریس پیش ہو کر طے پایا کہ:-

صیغہ جات میں جس وقت کسی شے کی خریداری مطلوب ہو تو اول کارخانہ جیل و اسٹیٹ پریس سے اسٹیمیٹ دریافت کیا جائے۔ اگر اس تخمینہ کی رقم نسبتہً بازار سے بہت زیادہ ہو اور اس مقابلہ میں بازار سے نمایاں کمی پر عمدہ شے مطلوبہ ملجائے تو ایسی حالت میں بازار سے خریداری میں کوئی حرج نہیں صیغہ جیل و پریس کو اس بابت مطلع کر دیا جائے لیکن اگر قیمت ہائے مندرجہ تخمینہ و نرخہائے بازار میں تھوڑا فرق ہو یا کل معاملہ تھوڑی رقم کا ہو تو ایسی صورت میں وہ سامان کارخانہ جیل و پریس سے ہی خرید کیا جائے کیونکہ بنظر مفاد سرکار سپلائی سامان فرنیچر و فرش و اسٹیشنری کا کارخانہ جیل و اسٹیٹ پریس میں انتظام کیا گیا ہے کارخانہ جیل و اسٹیٹ پریس سے آیندہ جو تخمینہ جات صیغہ کی طلبی پر مرتب کئے جائیں ان میں اسکا لحاظ رہنا چاہیے کہ ہر چیز بازار کے نرخ سے زیادہ متجاوز نہو اور جو چیز ہر دو کارخانہ جات سے طلب کی جائے وہ سپلائی کیجائے وہ ایسی حالت میں ہو کہ صیغہ جات کو کسی قسم کی شکایت پیدا نہو سکے۔

بہتر نرخ اشیاء پر غور کئے جانے کی غرض سے صاحب فائنانس سکریٹری بہادر صیغہ جات سے کیفیت معلوم فرما کر اجلاس کونسل میں رپورٹ پیش کریں تاکہ قابل اطمینان نرخ قائم کئے جا سکیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

آرڈران کونسل
واقع ۸ اگست ۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۸ اگست ۱۹۳۳ء میں نقشہ احکام منظور فرمودہ صاحب پریسیڈنٹ بہادر پیش ہو کر طے پایا کہ:- احکام مندرجہ نقشہ منسلکہ منظور ہیں

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک نقل حکم ہذا و نقل نقشہ منسلکہ ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

نقشہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر

نمبر شمار	نام ڈپارٹمنٹ	خلاصہ کاغذ	خلاصہ حکم	تاریخ حکم	خلاصہ حکم کونسل
۱	فرسٹ رامپور رضا انفنٹری	کاغذات منظوری عدم شمول رسید ریلوے متعلق حساب خرید سامان سگنلنگ [illegible] کے چیک	عدم شمول رسید کی منظوری دیجاتی ہے کاغذات صاحب آرمی منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہوں	۲۷ر جولائی سنہ ۳۲ء	منظور ہے
۲	جنگلات	کاغذات تقرر (۹) کس بیلداران برائے تین (۳) ماہ بمشاہرہ چھ روپیہ ماہانہ و یک جمعدار بمشاہرہ [illegible] ماہوار برائے نو ماہ جس کے مصارف [illegible] کے ہوں گے۔	(۹) کس بیلداران و یک جمعدار کے تقرر کی اجازت دیجاتی ہے کاغذات صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہوں۔	۳۰ر جولائی سنہ ۳۲ء	"
۳	بجلی گھر	کاغذات رخصت ڈیڑھ ماہ رسید نادر حسین واٹرمین	بموجب تحریر رسید نادر حسین واٹرمین کی ڈیڑھ ماہ کی رخصت بصورت خاص منظور کی آئندہ کے لئے نظیر نہ ہوگی کاغذات برائے اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہوں۔	"	"
۴	عطیات	کاغذات استخراج رقم [illegible] مقرر ششماہی ازان داروغہ چھجی بیگم صاحبہ بوجہ فوتی [illegible] صاحبہ	[illegible] رقم ششماہی ازان داروغہ چھجی بیگم صاحبہ تقسیم سے باقی ہے امانت خزانہ کردیجائے کاغذات صاحب فائننس سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔	۳۰ر جولائی سنہ ۳۲ء	"
۵	پولیس	کاغذات روبکار تقرر منشی فرحت علی خان صاحب قائم مقام ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ بمشاہرہ ماہانہ [illegible] برائے ۲ ماہ از ۱۲ جولائی سنہ ۳۲ء	سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔	۱۲ر جولائی سنہ ۳۲ء	"